بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# افطاری کے اعلان کے ساتھ دعائیں پڑھنے حکم

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

افطار کے وقت اعلان کرنے کے ساتھ ساتھ افطار کی دعا پڑھنا کیسا ہے؟

**سائل: وہاج الدین، انڈیا**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

افطاری کا اعلان کیا جائے لیکن بلند آواز میں افطاری کی دعاؤں کو نہ پڑھا جائے۔ ہاں ساتھ ساتھ ایک آدھ کھجور کھا کر یا گھونٹ بھر پانی پی کر اپنی افطار بھی کی جائے اور اس کے ساتھ آہستہ آواز میں ان دعاؤں کو پڑھا جائے تو درست ہو گا۔ ان دعاؤں کو افطاری کے اعلان کے ساتھ ہی بلند آواز سے پڑھنے سے ان کے بطورِ اعلان پڑھے جانے کا شائبہ ہے اس لیے بلند آواز سے پڑھنے سے احتراز کرنا چاہیے۔

**واللہ اعلم بالصواب**



**16-اپریل 2021ء**